## صومالی قزاقوں کی قید سے پاکستانیوں کے ساتھ ساتھ بھارتی اور دیگر غیر ملکی شہریوں کو رہائی دلا کر پاکستان نے احترام انسانیت اور خیر سگالی کے غیر معمولی اور بے مثال جذبہ کا اظہار کیا ہے۔ الطاف حسین

## انڈیا کی حکومت، سیاسی قیادت اور عوام، پاکستانیوں کی اس وسیع القلبی، اعلیٰ ظرفی اور خیر سگالی کو دیکھتے ہوئے پاکستان کے بارے میں اپنے منفی رویہ، سوچ اور منفی طرز فکر پر نظر ثانی کریں

## پاکستان کے ساتھ نئے سرے سے نہ ختم ہونے والی مضبوط، مستحکم اور دیرپا دوستی کے قیام اور ایک دوسرے کے مساوی احترام اور عزت ووقار کیلئے قدم آگے بڑھائیں

## عملے کے تمام افراد اور انکے اہل خانہ سمیت پوری قوم کو قائد تحریک الطاف حسین کی مبارکباد

## گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، انصار برنی، احمد چنائے اور نیوی کے افسروں اور جوانوں کو سلام

## مالی معاونت کرنے والے مخیّر حضرات اور الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سے اظہار تشکر

لندن۔۔۔23 جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ صومالی قزاقوں کی قید سے پاکستانیوں کے ساتھ ساتھ بھارتی اور دیگر غیر ملکی شہریوں کو رہائی دلا کر پاکستان نے احترام انسانیت اور خیر سگالی کے جس غیر معمولی اور بے مثال جذبہ کا اظہار کیا ہے اسے بھارت سمیت پوری دنیا کو سراہنا چاہیے۔ ایم وی سوئیز کے عملے کی بحفاظت پاکستان واپسی کے موقع پر اپنے تاثرات میں عالمی برادری خصوصاً بھارت کو مخاطب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ کوئی بھی ملک یہ دعویٰ نہیں کرسکتا کہ اسکے ہاں برے لوگ نہیں ہیں لہٰذا میں انڈیا کی حکومت، وہاں کی سیاسی قیادت اور انڈیا کے عوام سے دردمندانہ گزارش کرتا ہوں کہ وہ پاکستان کے مثبت پہلو اور جذبہء خیر سگالی کو دیکھیں اور صومالی قزاقوں کی قید سے انڈین عملے کی غیر مشروط رہائی کو سراہیں کیونکہ یہ مشکل ہی نہیں بلکہ ایک ناممکن حدف تھا جو گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، انسانی حقوق کی تنظیم کے رہنما انصار برنی، سی پی ایل سی کے سربراہ احمد چنائے اور پاکستان نیوی کے افسروں اور جوانوں نے حکومت پاکستان اور اسٹیبلشمنٹ کے دیگر حکام کی مدد سے حاصل کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دنیا کو پاکستان کی اس انتہائی مشکل اور دقت طلب کاوش کو سمجھنا چاہیے کیونکہ اسکے نتیجے میں نہ صرف چار پاکستانیوں کو رہا کرایا گیا بلکہ انسانیت کے ناطے 6 انڈین، 11 مصری اور ایک سری لنکن باشندے کو بھی صومالی قزاقوں کی قید سے رہائی دلائی گئی جو پاکستانی قوم کی وسیع القبلی، اعلیٰ ظرفی اور مثبت ذہنیت کی عکاس ہے۔ جناب الطاف حسین نے انٹرنیشنل کمیونٹی خصوصاً انڈیا کی حکومت، سیاسی قیادت اور عوام سے گزارش کرتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان اور پاکستانیوں کی اس وسیع القلبی، اعلیٰ ظرفی اور خیر سگالی کو دیکھتے ہوئے پاکستان کے بارے میں اپنے منفی رویہ، سوچ اور منفی طرز فکر پر نظر ثانی کریں جو کہ پاکستان کے چند برے لوگوں کے غیر انسانی اور وحشیانہ عمل کی وجہ سے پیدا ہوائی ہے۔ چند برے لوگوں کے بجائے پاکستان کے عوام کی اکثریت کے مثبت طرز عمل اور مثبت سوچ کو دیکھیں۔ انہوں نے انڈیا کی حکومت، سیاسی قیادت اور صحافیوں، شاعروں، دانشوروں، انسانی حقوق کے کارکنوں سمیت تمام بھارتی عوام سے مزید کہا کہ وہ پاکستان کے بارے میں اپنی ماضی کی پالیسیوں اور سوچ وفکر پر نظر ثانی کریں اور پاکستان کے ساتھ نئے سرے سے نہ ختم ہونے والی مضبوط، مستحکم اور دیرپا دوستی کے قیام اور ایک دوسرے کے مساوی احترام اور عزت ووقار کیلئے قدم آگے بڑھائیں۔ جناب الطاف حسین نے رہائی پانے والے ایم وی سوئز کے کپتان اور عملے کے تمام افراد اور انکے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کی اور ان کیلئے نیک جذبات کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس کامیابی پر پوری قوم کو بھی زبردست مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے ان تمام افراد کو سلام پیش کیا جنہوں نے صومالی قزاقوں کی قید سے پاکستانیوں اور دیگر غیر ملکیوں کی ناممکن رہائی کو ممکن بنانے کے سلسلے میں اپنا کردار ادا کیا۔ انہوں نے اس سلسلے میں مالی معاونت کرنے والے مخیّر حضرات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس کا اجرعظیم عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے اس انسانی مسئلے کو اجاگر کرنے کے سلسلے میں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے کردار کو بھی سراہا اور تمام صحافیوں، کیمرہ مینوں اور فوٹو گرافروں کو بھی خراج تحسین پیش کیا

۔

## ایم کیوایم نفرت پرنہیں بلکہ انسانیت پریقین رکھتی ہے، الطاف حسین

## صومالی قزاقوں کی قید سے رہائی پانے والے اوران کے اہل خانہ کو الطاف حسین کی مبارکباد

## گورنرسندھ، انصار برنی، احمد چنائے، مسلح افواج، پاکستان نیوی اورتمام اداروں کے افسران کوخراج تحسین

لندن۔۔۔23، جون 2011ء

متحدقومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صومالی قزاقوں کی قید سے رہائی پاکر بحفاظت پاکستان واپس پہنچنے ایم پی سوئیز جہاز کے عملے کے ارکان اوران کے اہل خانہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گیارہ ماہ صومالی قزاقوں کی قید میں کسمپرسی کی المناک زندگی گزارنے اورصوبتیں برداشت کرنے کے بعد پاکستانی، بھارتی ،مصری اورسری لنکن شہریوں کا قید سے رہائی پانا اوراپنے اہل خانہ سے ملاقات کرنا انتہائی خوشی اورمسرت کا مقام ہے۔انہوں نے رہائی پانے والے پاکستانیوں سمیت تمام مما لک کے شہریوں اوران کے اہل خانہ کودلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نفرت پرنہیں بلکہ انسانیت پریقین رکھتی ہےاوردنیا بھر میں امن ومحبت کے پیغام کوعام کرنا چاہتی ہے۔جناب الطاف حسین صومالی قزاقوں سے رہائی کیلئے دن رات انتھک محنت کرنے پر گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،معروف سماجی رہنما انصار برنی،سی پی ایل سی کے سربراہ احمد چنائے، مسلح افواج، پاکستان نیوی اورقومی سلامتی کے تمام اداروں کے افسران کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کی جانب سے صومالی قزاقوں کی رہائی سے پانے والے ایم وی سوئیز کے عملے کا پرتپاک استقبال

کراچی۔۔۔23، جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے صومالی قزاقوں کی قید سے رہائی پانیوالے ایم وی سوئیز کے عملے کے ارکان پی این ایس ذوالفقار کے ذریعے کراچی بندرگاہ پہنچے تو ایم کیوایم کے رہنماؤں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔پی این ایس ذوالفقار کے ذریعے پاکستان پہنچنے والے ایم وی سوئیز کے کیپٹن وصی سمیت چار پاکستانی، چھ بھارتی اورگیارہ مصری باشندوں پرمشتمل عملے کے ارکان پاکستان پہنچے تو گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العبادمعروف سماجی رہنماءانصار برنی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، واسع جلیل حق پرست عوامی نمائندوں اور پاک بحریہ کے افسران نے رہائی پانے والوں کا پرتپاک استقبال کیا جبکہ ڈاکیارڈ پرمتحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے رہائی پانیوالے افراد کے استقبال کیلئے خصوصی انتظامات دیکھنے میں آئے اس موقع پرایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان رہائی پانے والوں کے استقبال کیلئے ہزاروں کی تعداد میں جمع تھے جنھوں نے اپنے ہاتھوں میں جناب الطاف حسین کی تصاویر پاکستان کے پرچم اورایم کیوایم پرچم اُٹھار کھے تھے جبکہ استقبال کرنے والے کارکنان بڑی تعداد میں بینرز بھی اُٹھا کر تھے جن پراُردواورانگریزی زبان میں خیرمقدمی اورمبارکباد کےکلمات تحریر تھے جبکہ متعدد بینرز رہائی پانے والوں کے اہلخانہ کی جانب سے جناب الطاف حسین انصار برنی گورنرسندھ مسلح افواج اور پاک بحریہ کے اظہارتشکر کےکلمات تحریر تھے۔ڈاکیارڈ پرایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان کے والہانہ جوش وخروش کے باعث علاقے میں جشن کا سماں دیکھنے میں آیا مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان ڈھول تاشوں کی گونج میں والہانہ رقص کرکے اپنے جوش وخروش کا مظاہرہ کررہے تھے۔جبکہ ان کی جانب سے ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کے حق میں وقفے وقفے سے فلک سگاف نعرے بھی لگائے جاتے رہے جس سے ڈاکیارڈ کی فضائیں ایم کیوایم کے نعروں سے گونجتی رہیں۔جب ایم وی سوئیز کے کیپٹن سمیت رہائی پانے والے دیگرافراد ڈاکیارڈ پہنچے تو انتہائی رقت آمیز مناظر میں دیکھنے میں آئے رہائی پانے والے افراداپنے اہلخانہ سے گلے ملکر روتے رہے اورایک دوسرے کو مبارکباددیتے رہے ڈاکیارڈ کے علاوہ ایم کیوایم کے ہزاروں ذمہ داران وکارکنان کیپٹن وصی سمیت رہائی پانے والے دیگر پاکستانیوں کے گھروں پربھی جمع ہیں جہاں جشن کا سماں دیکھنے میں آرہا ہے ایم کیوایم کی جانب سے علاقے کو برقی قمقموں اوررنگ برنگی جھالروں اورایم کیوایم اور پاکستان کے پرچموں سے سجایا گیا ہےاورجگہ جگہ خیرمقدمی بینرز لگائے گئے ہیں۔

## سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقبول قریشی کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔23جون، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقبول قریشی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقبول قریشی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔23 جون، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقبول قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)علاوہ ازیں مرحوم کی نمازِ جنازہ کل بروز جمعہ صبح 9:00 بجے یادگار مسجد آفندی ٹاؤن حیدرآباد میں ادا کی جائے گی جبکہ مرحوم کو ٹنڈو یوسف قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔

## پاکستان فیڈریشن یونین آف جرنلسٹ کے صدر پرویز شوکت کے بھائی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23 جون، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان فیڈریشن یونین آف جرنلسٹ (PFUJ) کے صدر پرویز شوکت کے بھائی جاوید شوکت کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے پرویز شوکت سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے اراکین نے بھی پی ایف یو جے کے صدر پرویز شوکت سے ان کے بھائی جاوید شوکت کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت، بلند درجات اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر راولپنڈی اسلام آباد میں ایمبولینس سروس کا افتتاح،
## ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، ڈاکٹر محمد فاروق ستار

راولپنڈی۔۔۔۔23 جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر راولپنڈی اسلام آباد میں ایمبولینس سروس کا افتتاح کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام راولپنڈی پریس کلب میں تقریب منعقد کی گئی جس سے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیئر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک اور حق پرست ایم این اے، ایس اقبال قادری نے خطاب کیا اور فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں پر تفصیلی روشن ڈالی۔تقریب میں صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج ارشد سبیل ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے ذمہ داران وکارکنان، مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے وکلاء، ڈاکٹرز، صحافی اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کنونیئر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کشمیری عوام کے لئے اپنی خدمات کے دائرہ کار کو وسیع کر رہا ہے 8 اکتوبر 2005ء کے زلزلہ کے بعد سے جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن نے اپنے کشمیری عوام کی بھرپور مدد کر کے ثابت کر دیا کہ ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت کے پر یقین رکھتی ہے اور بلا امتیاز رنگ ونسل زبان عوام کی خدمت کر رہی ہے۔بعدازاں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیئر ڈاکٹر فاروق ستار نے ایمبولینس سروس کا افتتاح کیا اور ایمبولینس کی چابی راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک کو دی۔اس موقع پر ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے ذمہ داران، کارکنان اور عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ایمبولینس سروس کے افتتاح پر اظہار تشکر کیا اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر وصحت وتندرستی کیلئے دعا کی۔

## کشمیر الیکشن: الطاف حسین کل محمود آباد میں ایم کیوایم کے انتخابی جلسہ عام سے خطاب کریں گے

## انتخابی جلسہ عام کے سلسلے میں کشمیری عوام میں زبردست جوش وخروش

## ایم کیوایم کی جانب سے جلسہ عام کی تیاریاں جاری ہیں، کارکنان کی بھنگڑے، ریلیوں کا انعقاد

کراچی۔۔۔23 جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کل بروز جمعہ محمود آباد میں آزاد وجموں کشمیر کی قانونی ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں عظیم الشان انتخابی جلسہ عام میں کشمیری عوام سے اہم ٹیلیفونک خطاب کریں گے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام محمود آباد کے علاقے ''حق چوک ستارہ بیکری'' کے مقام پر شام 5 بجے منعقد ہونے والے عظیم الشان انتخابی جلسہ عام کی تیاریاں جاری ہیں۔ محمود آباد میں ایم کیوایم کے انتخابی جلسہ عام اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں کراچی میں مقیم کشمیری عوام میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے، جلسہ گاہ کے قریب قائم ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ پر کشمیری عوام کا رش قابل دید ہے اور علاقے میں ایم کیوایم کے ترانوں کی گونج سے جشن کا سماں ہے جبکہ کراچی سمیت ملک بھر میں حق پرست امیداروں کی جانب سے انتخابی ریلیوں اور کارنر میٹنگوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ایم کیوایم کے انتخابی جلسہ عام اور جناب الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں محمود آباد میں انتخابی سرگرمیاں عروج پر ہیں، کارکنان کی جانب سے ریلیاں نکالی جارہی ہیں، ڈھول تاشوں پر بھنگڑے ڈالے جارہے ہیں جس کے باعث علاقے میں زبردست گہما گہمی دکھائی دے رہی ہے۔ ایم کیوایم کشمیر کمیٹی اور دیگر شعبہ جات کے ارکان کی جانب سے جلسہ عام کے سلسلے میں تیاریوں کو حتمی شکل دی جاری ہے اور ایم کیوایم کے کارکنان دن رات جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔

## جو کشمیری اپنا ووٹ چند روپوں کی خاطر بیچتا ہے وہ کشمیر کا سودا کرتا ہے، افتخار اکبر رندھاوا

## کشمیری عوام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنا کر کشمیر سے جاگیردارانہ اور موروثی سیاست کا خاتمہ کردیں ، عباس جعفری

## کشمیری عوام غریب متوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے 26 جون کے انتخابات میں حق پرستوں کو کامیاب کرائیں، عبدالشکور بٹ

## کشمیر کی آزادی اور خودمختاری کو داؤ پر لگانے والے دراصل مسئلہ کشمیر کا حل نہیں چاہتے اور مسئلہ کشمیر پر کشمیری عوام کے جذبات سے کھیل رہے ہیں طاہر کھوکھر

## ایم کیوایم کو کشمیر کی حکمرانی ملی تو حق پرست منتخب نمائندے نہ صرف عوام کے معیار زندگی کو بلند کریں گے بلکہ مسئلہ کشمیر سمیت تمام مسائل کو حل کرکے دکھائیں گے، سید شاہین گیلانی

لاہور۔۔۔۔23 جون، 2011ء

ایم کیوایم لاہور زون کے تحت جمعرات کے روز ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں کشمیری عوام کا اجتماع منعقد کیا گیا، جس میں لاہور میں مقیم کشمیریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار رندھاوا، رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی عباس جعفری، ایم کیوایم لاہور زون وڈسٹرکٹ اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر کشمیری عمائدین سے بات کرتے ہوئے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ جو کشمیری اپنا ووٹ چند روپوں کی بیچتا ہے وہ کشمیر کا سودا کرتا ہے انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جاگیردارانہ اور موروثی سیاست کے خلاف ہے اور چاہتی ہے کہ پاکستان سمیت آزاد کشمیر میں میرٹ پر پورا اترنے والے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کو حکمرانی کا حق ملے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم نے فرسودہ نظام کے خلاف نہ صرف پاکستان میں آواز بلند کی بلکہ آزاد کشمیر میں بھی اسی طرح فرسودہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کی آزادی اور خودمختاری کو داؤ پر لگانے والے دراصل مسئلہ کشمیر کا حل نہیں چاہتے اور مسئلہ کشمیر پر کشمیری عوام کے جذبات سے کھیل رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو کشمیر کی حکمرانی ملی تو ایم کیوایم کے منتخب نمائندے نہ صرف عوام کے معیار زندگی کو بلند کریں گے بلکہ مسئلہ کشمیر سمیت تمام مسائل کو حل کرکے دکھائیں گے۔ انہوں نے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 26 جون کو ہونے والے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں تمام حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور آزاد وجموں کشمیر سے فرسودہ جاگیردارانہ اور موروثی سیاست کا ہمیشہ ہمیشہ کیلئے خاتمہ کردیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عباس جعفری نے کشمیر سے تعلق رکھنے والے افراد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ 26 جون 2011ء کو ہونیوالے قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حق پرست کشمیری نمائندوں کی کامیابی آزاد کشمیر میں رہنے والے ایک ایک کشمیری کے شاندار مستقبل کی ضمانت ہوگی۔ کشمیر کا فیصلہ سردار، جاگیردار اور وڈیرے نہیں بلکہ کشمیری عوام ہی

کریں گے اور جو فیصلہ کشمیریوں کا ہوگا وہی فیصلہ کشمیر کا ہوگا انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ہی ملک کی وہ واحد جماعت ہیں جس نے غریب متوسط طبقے سے جنم لیا اور غریب ومتوسط طبقے کے پڑھے لکھے نوجوانوں میں شعور بیداری پیدا کر کے انہیں ایوانوں میں منتخب کروا کر بھیجا اور ملک کی تاریخ میں ایک روشن باب کا آغاز کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام 26 جون کو ہونے والے آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کر کے ملک میں غریب متوسط طبقے کا انقلاب برپا کریں۔

## آزاد جموں کشمیر میں حق پرستی کی شمع کو روشن ہونے سے کوئی طاقت روکا نہیں سکتی، انچارج وارکین کشمیر کمیٹی

## کشمیری عوام 26 جون کو کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں 'پتنگ'' پر مہر لگا کر

## قائد تحریک الطاف حسین کے نامزد امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں

کراچی۔۔۔23/جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کشمیر کمیٹی کے انچارج واراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آزاد جموں کشمیر کے حق پرست عوام ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہوکر ہی تعمیر وترقی کا انقلاب کشمیر میں لاسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 26 جون آزاد کشمیر کی تاریخ کا انتہائی اہم دن ہوگا۔کشمیری عوام کے مسائل مخلص، ایماندار تعلیم یافتہ، کشمیر سے تعلق رکھنے والی قیادت ہی کشمیر کا مسئلہ حل کرسکتی ہے اور ایم کیو ایم ہی وہ واحد پلیٹ فارم ہے جو کشمیریوں کے مسائل کا نہ صرف ادراک رکھتا ہے بلکہ کشمیریوں کے مسائل کے حل کیلئے عملی طور پر جدوجہد کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیر اسمبلی میں موجود سردار، وڈیرے ہی دراصل کشمیر کی ترقی میں رکاوٹ ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے کشمیریوں کو جو فکر وسوچ دی ہے وہ کشمیر کے مستقبل کا درست سمت میں تعین کرے گی اور جو فیصلہ کشمیریوں کا ہوگا وہی فیصلہ کشمیر کا ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر کے عوام گذشتہ 63 برسوں سے ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں اور نام نہاد کشمیری لیڈروں نے مظلوم کشمیریوں کو ان کے حق سے محروم رکھا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری آپس میں اتحاد رکھیں اور ووٹ کی طاقت سے استحصالی عناصر کو شکست دے کر ثابت کردیں کہ تمام کشمیری قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں متحد اور منظّم ہیں۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام اپنی صفوں سے قیادت نکالیں اور کشمیریوں کے مسائل کے حل کے لئے متحدہ کے پلیٹ فارم کو مظبوط کریں۔انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کا مسئلہ کشمیریوں کی منشاء اور مرضی سے ہی حل ہوگا اور وہ وقت دور نہیں جب کشمیر قانون ساز اسمبلی میں غریب ومتوسط طبقے کے کشمیری اکثریت میں ہونگے۔کشمیر کمیٹی کے انچارج واراکین نے حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ 26 جون کو ہونیوالے آزاد جموں کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں قائد تحریک الطاف حسین کے نامزد امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور ''پتنگ'' کے انتخابی نشان پر اپنے بھرپور اعتماد کی مہر لگائیں۔

## آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کی طبی امدادی سرگرمیاں

## خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے مہاجر کالونی امبووار چیک

## گھڑی ڈوپٹہ، ہٹھیان بالہ، مظفرآباد آمبراڈو میں طبی امدادی کیمپوں کا انعقاد

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب فراہم کردہ سہولیات پر ہزاروں مریضوں کا جناب الطاف حسین سے اظہارِ تشکر

آزاد کشمیر:۔۔۔23 جون، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے مظفرآباد مہاجر کالونی امبووار چیک، گھڑی ڈوپٹہ، ہٹھیان بالہ، مظفرآباد آمبراڈو کے علاقوں میں مفت طبی امدادی کیمپوں کا انعقاد کیا گیا۔جس میں ماہر
ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف نے مختلف امراض میں مبتلا ہزاروں مریضوں کو علاج ومعالجے کی مفت سہولیات فراہم کیں انہیں بھاری مالیت کی ادوایات تقسیم کیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، مظفرآباد زون کے انچارج واراکین نے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں موجود مریضوں سے ملاقات کر کے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکین اور مظفرآباد زون کے انچارج وارکان نے طبی کیمپوں پر موجود مریضوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کے جذبے کے تحت بلا امتیاز رنگ ونسل زبان عوام کی خدمت کررہی ہے۔اس موقع پر طبی کیمپ سے استعفادہ حاصل کرنے والے ہزراوں مریضوں نے ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب فراہم کی جانے والے علاج ومعالجے کی سہولیات پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں بھی کیں۔

## الطاف حسین کا فکروفلسفہ 98 فیصد مظلوموں کے لئے امید کی آخری کرن ہے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مقیم عالم،امام الدین شہزاد

## ایم کیوایم کشمیر الیکشن کمیٹی کے تحت برنس روڈ اور نارتھ کراچی میں کشمیری عمائدین اور معززین کی کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔۔23/جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت آزادوجموں کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں نامزد حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم کا سلسلہ زوروشور سے جاری ہے اوراس سلسلے میں گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ساؤتھ برنس روڈ اور فوراسٹار شادی ہال ڈسٹرکٹ سینٹرل نارتھ کراچی میں علیحدہ علیحدہ کارنر میٹنگوں کا منعقد کی گئی جس میں کشمیری عمائدین ،معززین اورعوام کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی اورحق پرست امیدواروں سلیم بٹ اور طاہر کھوکھر کواپنی مکمل حمایت کا یقین دلایا۔کارنرمیٹنگز میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مقیم عالم،امام الدین شہزاد کے علاوہ مرکزی کشمیر الیکشن سیل کے اراکین سید معین الدین ، خالد محمود اعوان،عبدالحفیظ بٹ اور تحسیم الحق خرم نے شرکت کی ۔کارنر میٹنگز میں کشمیری معززین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین کا فکروفلسفہ 98 فیصد مظلوموں عوام کے لئے امید کی آخری کرن ہے اورکشمیر میں گزشتہ 63 سالوں سے کشمیریوں کا استحصال ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری اب ایک پلیٹ فارم پر متحد ہوچکے ہیں اور قائدتحریک الطاف حسین کی سرپرستی میں کشمیریوں کے مسائل کشمیری ہی حل کریں گے۔ اراکین نے کہا کہ 26 جون 2011ء کو ہونے والے قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حق پرست کشمیری نمائندوں کی کامیابی آزادوجموں کشمیر میں رہنے والے تمام کشمیریوں کے شاندار مستقبل کی ضمانت ہوگی اور کراچی میں رہنے والے کشمیری حق پرست کشمیری نمائندوں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔کشمیر کا فیصلہ وہاں کے سردار، جاگیرداراور وڈیرے نہیں بلکہ کشمیری خودکریں گے اور جو فیصلہ کشمیریوں کا ہوگا وہی فیصلہ کشمیر کا ہوگا۔اراکین نے تمام کشمیریوں سے کہا کہ وہ آپس میں اتحاد قائم رکھیں اور متحد ومنظم ہوکرحق پرست کشمیری نمائندوں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے مسائل اورانکے جائزحقوق قائدتحریک الطاف حسین کی اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر کشمیریوں نے اپنی بھرپورحمایت کا یقین دلایا۔

## ایم کیوایم کے ذمہ داران کی منہاج القران علماءکونسل پنجاب کے عہدے داران سے ملاقات

## آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں ایم کیوایم کے نامزدامیدواران کا ساتھ دیں گے،منہاج القران علماءکونسل پنجاب

## ایم کیوایم نے فرسودہ نظام کے خلاف نہ صرف پاکستان میں آواز بلند کی بلکہ آزادکشمیر میں بھی فرسودہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کررہی ہے،عباس جعفری

## ایم کیوایم حکومت کا حصہ ہونے کے باوجود اسمبلی کے فلور پر کھڑے ہوکرحق اورعوام کی آواز کو بلند کرتی ہے،میرا کبرآصف

## کشمیری عوام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو کامیاب بناکر کشمیر سے جاگیردارانہ اورموروثی سیاست کا خاتمہ کردیں،سیدشاہین انورگیلانی

لاہور۔۔۔23 جون،2011ء

ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عباس جعفری،ایم کیوایم لاہورزون کے انچارج سیدشاہین انورگیلانی اورلاہورڈسٹرکٹ کے ذمہ داران نے بدھ کے روزمنہاج القران علماء کونسل پنجاب کے عہدے داران سے ملاقات کی۔اس موقع پررکن صوبائی تنظیمی کمیٹی عباس جعفری نے کہا کہ ایم کیوایم نے فرسودہ نظام کے خلاف نہ صرف پاکستان میں آواز بلند کی بلکہ آزادکشمیر میں بھی اسی طرح فرسودہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیر کی آزادی اورخودمختاری کوداؤ پرلگانے والے دراصل مسئلہ کشمیر کا حل نہیں چاہتے اورمسئلہ کشمیر پرکشمیری عوام کے جذبات سے کھیل رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو کشمیر کی حکمرانی ملی تو ایم کیوایم کے منتخب نمائندے نہ صرف عوام کے معیارزندگی کو بلند کریں گے بلکہ مسئلہ کشمیر سمیت تمام مسائل کوحل کرکے دکھائیں گے۔منہاج القران علماءکونسل پنجاب کے عہدے داران سے بات چیت کرتے ہوئے زونل انچارج لاہورسیدشاہین انورگیلانی نے کہا کہ پاکستان سمیت آزادکشمیر میں جاگیردارانہ اورموروثی سیاست کے علمبردار بار بارحکمرانی کرتے چلے آرہے ہیں جس کے باعث نہ صرف عوام کی زندگیاں اجیرن بن چکی ہے بلکہ وہ اپنے بنیادی حقوق تک سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جاگیردارانہ اورموروثی سیاست کے خلاف ہےاورچاہتی ہے کہ پاکستان سمیت آزادکشمیر میں میرٹ پر پورااترنے والے غریب ومتوسط طبقے کےعوام کوحکمرانی کا حق ملے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو کامیاب بناکر کشمیر سے جاگیردارانہ اورموروثی سیاست کا خاتمہ کردیں۔اس موقع پرمنہاج القران علماءکونسل پنجاب کے ناظم میرا کبرآصف نے آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے حق پرست امیدواران کی بھرپورحمایت کا یقین دلایااورکہا کہ ایم کیوایم حکومت کا حصہ ہونے کے باوجود اسمبلی کے فلور پر کھڑے ہوکرحق اور عوام کی آواز کو بلند کرتی ہے،انہوں نے آزادکشمیر انتخابات میں ایم کیوایم کے غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کی نامزدگی کا زبردست خیرمقدم کیا اوران کی نامزدگی کوآزادکشمیر کے روشن مستقبل کی ضمانت قراردیا۔

## ایم کیوایم ہمیشہ اُصولوں کی سیاست کی ہے، مرید بروہی

## کشمیری عوام سے اپیل کی کہ وہ 26 جون 2011ء کو ہونیوالے جلسہ عام میں حق پرست اُمیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں

سکھر:۔۔۔۔23 جون، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ اندورنِ سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج مرید بروہی نے کہاہے کہ متحدہ خدمت برائے انسانیت پر یقین رکھتی ہے ایم کیوایم کے تمام کارکنان لوگوں کی خدمت کرنے میں مصروف ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکھر میں کشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں منعقدہ کشمیری عمائدین کی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر کشمیری عوام، خواتین، بزرگوں، نوجوانوں اور عمائدین سمیت ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین وارا کین زونل کمیٹی مختلف یونیٹز اور الیکشن سیل کے ذمہ داران اور کارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہمیشہ اُصولوں کی سیاست کی ہے اور یہی فکر وفلسفہ لیکر ایم کیوایم آج پورے ملک بھر میں پہنچ چکی ہے اور غریب ومظلوم عوام ایم کیوایم کے نظریہ اور فکر وفلسفے سے متاثر ہوکر ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اپنی دوراندیش قیادت کے طفیل ملک کے عوام کو مشکلات سے نکالنے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام جناب الطاف حسین کو اپنا مسیحا سمجھتے ہیں اور اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ اگر ملک میں انقلاب آئے گا تو وہ صرف اور صرف جناب الطاف حسین کی بدولت ہی آئے گا۔انہوں نے کشمیری عوام سے اپیل کی کہ وہ 26 جون 2011ء کو ہونیوالے جلسہ عام میں حق پرست اُمیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## متحدہ ملک کو لیٹروں، کرپشن، اور ملک کے دشمن عناصر کا خاتمہ کرکے مثبت تبدیلی لانا چاہتی ہے، خالد بگھور

بدین۔۔۔۔23 جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ اندورن سندھ تنظیمی رکن خالد بگھور، نے کہاہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نقش قدم پر چل کر تحریک کے پیغام کو عام کرنے کیلئے اپنی تمامتر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ان خیالات کا ظہار انہوں نے بدین زون کے زیر اہتمام گولارچی اور ماتلی سیکٹر ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان کے منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر بدین کے زون کے اراکین یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ ملک کو لیٹروں، کرپشن، اور ملک کے دشمن عناصر کا خاتمہ کرکے مثبت تبدیلی لانا چاہتی ہے، وقت آگیا ہے کہ ملک کے غریب ومظلوم عوام جاگیرداروں وڈیروں سے کے چنگل سے آزادی دلائی جائے اور انکے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ اس ملک کی فلاح وبہود کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو آپس میں ملکر بیٹھ کر ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے باہمی اتفاق رائے کی فضاء کو پیدا کرنا ہوگا۔قبل ازیں ایم کیوایم بدین زون کے انچارج اور ماتلی زون کے انچارج نے بھی جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کیا اور ذمہ داران وکارکنان کو ملک کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا۔

## ایم کیوایم لاہور ڈسٹرکٹ کے جوائنٹ انچارج شیراز بیگ کے بھائی اور بھتیجے کے افسوس ناک حادثے میں انتقال پر

## ایم کیوایم لاہور زون وڈسٹرکٹ کا اظہار افسوس

لاہور۔۔۔۔23 جون، 2011ء

ایم کیوایم لاہور زون وڈسٹرکٹ کے ذمہ داران نے ایم کیوایم لاہور ڈسٹرکٹ کے جوائنٹ انچارج شیراز بیگ کے بھائی اور بھتیجے کے افسوس ناک حادثے میں انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں ایم کیوایم لاہور زون کے ذمہ دارن نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ایم کیوایم لاہور زون وڈسٹرکٹ کے ذمہ دارن وکارکنان نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکنان کی تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر معطلی واخراج، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔۔23/جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی اور غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 183 کے کارکن انور علی ولد افسر علی کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے۔ جبکہ رابطہ کمیٹی نے اسی یونٹ کے کارکن ندیم مودی ولد نسیم مودی کو تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر غیر معینہ مدت کیلئے معطل کر دیا ہے رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## دکھی انسانیت کی خدمت متحدہ قومی موومنٹ کا نصب العین ہے، محمد شریف

## قائد تحریک الطاف حسین کی کاوشوں کی بدولت پاکستان کے غریب ومظلوم عوام کی زندگی میں خوشحالی آئے گی

حیدرآباد۔۔۔23 جون، 2011ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پاکستان میں فرسودہ سیاست کے خلاف آواز ہی بلند کی بلکہ سیاست میں خدمت کو متعارف کرا کے اسکا عملی مظاہرہ بھی کیا ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے ہالہ میں خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے زیر اہتمام ایک روزہ مفت طبی امدادی کیمپ کا انعقاد پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ڈاکٹرز ورضا کاروں سے کیمپ کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار خانزادہ رکن زونل کمیٹی توحید احمد بھی انکے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی اسی انسانیت کی خدمت کی سوچ وفکر کے سبب متحدہ قومی موومنٹ نے دکھی انسانیت کی خدمت اور فلاحی کاموں کے لئے خدمت خلق فاؤنڈیشن جیسے ادارے کی بنیاد رکھی انہوں نے کہا کہ KKF نے قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر اپنے رضا کاروں اور MQM کے کارکنان کے ذریعے ملک اور بیرون ملک دونوں جگہ ہی اپنی خدمات انجام دیں، خواہ سونامی کا طوفان ہو یا ایران میں آنے والا زلزلہ ہو، کشمیر میں قیامت خیز زلزلہ ہو یا ٹھٹھہ اور بدین میں آنے والا سمندری طوفان ہو یا ملک بھر میں کسی بھی قسم کی کوئی قدرتی آفت یا حادثات ہوں خدمت خلق فاؤنڈیشن کا کردار ہمیشہ پیش پیش رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت متحدہ قومی موومنٹ کا نصب العین ہے اور MQM نے اقتدار میں رہ کر اور اقتدار کے بغیر بھی ہمیشہ غریب اور مستحق افراد، یتیموں، ناداروں اور مظلوموں، بیواؤں سمیت ہر دکھی فرد کی بلا امتیاز رنگ ونسل زبان و مذہب خدمت کی ہے، اور یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین ملک بھر کے محکوم عوام کے لئے امید کی کرن بن گئے ہیں اور عوام جانتے ہیں کہ قائد تحریک الطاف حسین کی کاوشوں کی بدولت پاکستان کے غریب ومظلوم عوام کی زندگی میں خوشحالی آئے گی۔

☆☆☆☆☆